Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, III Semester Examination - December - 2017

Paper : MAUR304CCT : Ghair Afsanvi Adab ki Ahem Asnaf ka Mutalia

پرچہ : غیرافسانوی ادب کی اہم اصناف کا مطالعہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) 'مسافرانِ لندن' کس کا سفرنامہ ہے۔

(a) شبلی نعمانی (b) سرسید احمد خاں (c) الطاف حسین حالی (d) محمد حسین آزاد

(ii) غبار خاطر میں مولانا آزاد نے ان کی مرغوب جس چینی کا ذکر کیا ہے اس کا نام کیا ہے؟

(a) Red Rose (b) White Jasmine (c) Marrigold (d) Green Tea

(iii) 'مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی' اس خاکے میں مرزا فرحت اللہ بیگ نے اس زمانے کے تین عربی داں علماء کے نام بتائے ہیں۔ ذیل میں کون سا نام ان میں شامل نہیں ہے؟

(a) مولوی محمد اسحاق (b) مولوی ضیاء الدین خاں (c) مولوی نذیر احمد (d) مولوی عبدالحق

(iv) اردو کا پہلا رپورتاژ کس نے لکھا؟

(a) کرشن چندر (b) سجاد ظہیر (c) عصمت چغتائی (d) صفیہ اختر

(v) ذیل میں کون سی تخلیق مجتبیٰ حسین کے خاکوں کا مجموعہ نہیں ہے؟

(a) آدمی نامہ (b) بنجارہ نامہ (c) سو ہے وہ بھی آدمی (d) چہرہ در چہرہ

(vi) 'نام دیو مالی' کس شہر کے تاریخی عمارت کے باغ میں مالی تھا؟

(a) حیدرآباد (b) نظام آباد (c) اورنگ آباد (d) عثمان آباد

P.T.O

(vii) مندرجہ ذیل خطابات میں کون سا خطاب غالب کا نہیں ہے؟

(a) نجم الدولہ (b) دبیر الملک (c) نظام جنگ (d) مرزا نوشہ

(viii) ''یادوں کی برات' کس معروف شاعر کی خودنوشت سوانح ہے؟

(a) جاں نثار اختر (b) مجاز (c) اختر الایمان (d) جوش ملیح آبادی

(ix) یادگارِ غالب میں حالی نے سب سے زیادہ حوالے .... سے دیے ہیں۔

(a) مہر نیمروز (b) خطوطِ غالب (c) قاطع برہان (d) دستنبو

(x) ''آشفتہ بیانی میری'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) شفیق الرحمٰن (b) پطرس بخاری (c) رشید احمد صدیقی (d) شوکت تھانوی

حصہ دوم

(2) ''سچائی، ہمدردی، محنت، کام کی لگن یہی وہ خوبیاں ہیں جو انسان کو بڑا بناتی ہیں''۔ اس قول کی روشنی میں خاکہ 'نام دیو مالی' کا تجزیہ کیجیے۔

(3) فن خاکہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

(4) قاطع برہان کی تصنیف و تالیف کے واقعات پر ایک نوٹ لکھیے۔

(5) لاہور کا جغرافیہ میں پطرس بخاری نے شہر لاہور کی کون کون سی خصوصیات مزاحیہ پیرائے میں بیان کی ہیں۔

(6) غبار خاطر کا ایک خط جس میں باورچی کی آمد کا ذکر ہے اس کے مطالعے سے مولانا آزاد کی بذلہ سنجی اور مزاج کی شوخی کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس قول کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

(7) خطوط غالب میں ڈرامائی کیفیت کا جائزہ لیجیے۔

(8) اردو میں رپورتاژ نگاری کی روایت پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(9) ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

(a) کافی (b) سویرے کل جو آنکھ میری کھلی (c) آشفتہ بیانی میری (d) کرکٹ

حصہ سوم

(10) اردو میں سوانح نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

(11) خاکہ 'مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی' کے حوالے سے مرزا فرحت اللہ بیگ کی خاکہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(12) سفرنامہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' میں مجتبیٰ حسین نے جاپانی قوم کی کون کون سی خصوصیات بیان کی ہیں۔

(13) غالب کی مکتوب نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

(14) اردو انشائیہ نگاری کے آغاز وارتقاء پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

☆☆☆